वरिष्ठ अध्यापक प्रतियोगी परीक्षा-2024 (माध्यमिक शिक्षा विभाग)

इस प्रश्न पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।/**Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.**

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : **32**
No. of Pages in Booklet : **32**
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : **150**
No. of Questions in Booklet : **150**
Paper Code : **05**

**Subject : Urdu**

# SST-25

## Paper-II

परीक्षा तिथि - 10/09/2025

प्रश्न पुस्तिका संख्या व बारकोड/Question Booklet No. & Barcode

5004197

समय : **02:30 घण्टे + 10 मिनिट अतिरिक्त***
Time : **02:30 Hours + 10 Minutes Extra***

अधिकतम अंक : **300**
Maximum Marks: **300**

प्रश्न पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथिन बैग को खोलने पर प्रश्न पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :-

- प्रश्न पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान है।
- प्रश्न पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/मुद्रण त्रुटि नहीं है।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरी प्रश्न पुस्तिका प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के **5** मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।

On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper the candidate should ensure that:-

- Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.
- All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.

If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after **five** minutes of start of examination.

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है।**
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र एक ही उत्तर दीजिये। एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको प्रश्न पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल प्वाइंट पेन** से विवरण भरें।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पांच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल प्वाइंट पेन से गहरा करना है।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं, तो उत्तर-पत्रक में पांचवें (5) विकल्प को गहरा करें। यदि पांच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।**
10. ***प्रश्न पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. आंसर शीट जांच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है। इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पांच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है, तो उसको अयोग्य माना जायेगा।**
12. **मोबाइल फोन अथवा इलेक्ट्रॉनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है, तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।**

**चेतावनी** : अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए और **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022** तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. All questions carry equal marks.
3. Only one answer is to be given for each question. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **BLUE BALL POINT PEN** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in OMR Answer Sheet. Candidate will himself/herself be responsible for filling wrong Roll Number.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question, then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10. ***After solving the question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt by the Commission as per rules.**

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair Means in Recruitment) Act, 2022, other laws applicable and Commission's Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर-पत्रक में दो प्रतियां हैं - मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियां वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाईन से मोड़कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, **जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे। परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा मांगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी।**

1. مسلسل اشعار کے ایسے مجموعے کو کیا کہتے ہیں جس میں ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

(1) مثنوی
(2) مرثیہ
(3) قصیدہ
(4) رباعی
(5) غیر جوابی سوال

2. مولوی عبدالحق نے مضمون "حالی" کب لکھا تھا؟

(1) 1932ء
(2) 1930ء
(3) 1929ء
(4) 1937ء
(5) غیر جوابی سوال

3. ایہام کہتے ہیں۔

(1) رعایت لفظی کے مخصوص انداز کو
(2) معنوی رعایت کو
(3) بیان کی خوبصورتی کو
(4) انداز گفتگو کو
(5) غیر جوابی سوال

4. ناصر کاظمی کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(1) امرت سر
(2) کراچی
(3) انبالہ
(4) پانی پت
(5) غیر جوابی سوال

5. اسم معرفہ کس کو کہتے ہیں؟

(1) لقب کو
(2) اسم نکرہ کو
(3) اسم عام کو
(4) اسم خاص کو
(5) غیر جوابی سوال

6. رشید احمد صدیقی کے خاکوں کے مجموعے کا کیا نام ہے؟

(1) کیا خوب آدمی تھا
(2) گفت وشنید
(3) چند ہم عصر
(4) گنج ہائے گرانمایہ
(5) غیر جوابی سوال

7. اصغر گونڈوی کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات کی نشاندہی کیجئے۔

(1) 1880-1930
(2) 1884-1840
(3) 1884-1939
(4) 1884-1936
(5) غیر جوابی سوال

8. سرسید احمد خاں نے اپنے مضمون "اپنی مدد آپ" کے آخر میں کس بات کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(1) سخت محنت
(2) کاروبار
(3) صنعت و حرفت
(4) تعلیم
(5) غیر جوابی سوال

9. "اول تو اس میں فارغ البالی بہت ہے اور جو لوگ اس کی رعایا میں داخل ہو جاتے ہیں۔ انھیں سوا عیش و آرام کی دنیا کی کسی بات سے خبر نہیں ہوتی۔ دوسرے وہ خود بہروپیہ ہے۔ جو صورت سب کو بھائے وہی روپ بھر لیتا ہے اور اوروں کی مرضی کا جامہ پہن لیتا ہے۔"

درج بالا اقتباس کس مضمون سے ماخوذ ہے؟

(1) اپنی مدد آپ
(2) شیخ پیرو
(3) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ
(4) لاہور کا جغرافیہ
(5) غیر جوابی سوال

10. ذیل میں سے کس ضرب المثل کا مطلب "بہت زیادہ بھوکا ہونا" ہے؟

(1) اندھا کیا چاہے دو آنکھیں
(2) انتڑیوں کا قل ھو اللہ پڑھنا
(3) اونٹ کے منھ میں زیرا
(4) حلوائی کی دوکان اور داداجی کی فاتحہ
(5) غیر جوابی سوال

11. نوطرز مرصع کس کتاب کا ترجمہ ہے؟

(1) قصہ گل بکاؤلی
(2) گلشن عشق
(3) قصہ چہار درویش
(4) شعلۂ عشق
(5) غیر جوابی سوال

12. گر نہیں نکہتِ گل کو ترے کوچے کی ہوس

کیوں ہے گردِ رہِ جولانِ صبا ہو جانا

تا کہ تجھ پر کھلے اعجازِ ہوا سے صیقل

دیکھ برسات میں سبز آئینے کا ہو جانا

غزل کے ان اشعار کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) حاصل غزل اشعار
(2) مطلع کا شعر
(3) قطعہ بند اشعار
(4) مقطع کا شعر
(5) غیر جوابی سوال

13. "حکام" کس لفظ کی جمع ہے؟

(1) حکومت
(2) حاکم
(3) حکم
(4) حکمت
(5) غیر جوابی سوال

14. "سر سید کی جماعت میں بہ حیثیت انسان کے مولانا حالیؔ کا پایہ بہت بلند تھا۔"

مولوی عبد الحق کے مضمون "حالیؔ" میں درج بالا خیال کس کا ہے؟

(1) نواب عماد الملک
(2) نواب آصف الدولہ
(3) نظام حیدر آباد
(4) بہادر شاہ ظفر
(5) غیر جوابی سوال

15. کسی بات کو پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ کرنا کیا کہلاتا ہے؟

(1) استعارہ
(2) کنایہ
(3) تشبیہ
(4) مجاز مرسل
(5) غیر جوابی سوال

16. "اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری زبان اردو برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے۔"

درج بالا قول کس کا ہے؟

(1) مسعود حسین خاں
(2) محمود شیرانی
(3) محمد حسین آزاد
(4) نصیر الدین ہاشمی
(5) غیر جوابی سوال

17. دل میں یہ سن کر بپا ہنگامۂ محشر ہوا
میں شہید جستجو تھا، یوں سخن گستر ہوا

درج بالا شعر کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) مسدس حالی
(2) خضر راہ
(3) صبح آزادی
(4) مفلسی
(5) غیر جوابی سوال

18. کسی انفرادی یا اجتماعی شکایت ، ضرورت ، حاجت یا مسئلے کے حل کے لیے کسی حاکم یا افسر کے نام لکھی جانے والی تحریر کیا کہلاتی ہے؟

(1) انشائیہ
(2) عنوان
(3) عرضی نویسی
(4) رپورٹ
(5) غیر جوابی سوال

19. "یاں کہ سپید وسیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے"

ذیل میں دیے گئے مصرعوں میں سے صحیح مصرعے سے شعر مکمل کیجیے۔

(1) رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا۔
(2) یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا۔
(3) چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا۔
(4) جبہ، خرقہ، کرتا، ٹوپی مستی میں انعام کیا۔
(5) غیر جوابی سوال

20. غواصی کی مثنوی سیف الملوک وبدیع الجمال کہاں لکھی گئی؟

(1) بیجاپور
(2) گولکنڈہ
(3) گجرات
(4) اورنگ آباد
(5) غیر جوابی سوال

21. نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے

درج ذیل مصرعوں میں سے درست مصرعے کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے۔
(2) جو چاہے آپ کا حسنِ کرشمہ ساز کرے۔
(3) وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے۔
(4) اب آگے تیری خوشی ہے جو سرفراز کرے۔
(5) غیر جوابی سوال

22. مآل سوز غم ہائے نہانی دیکھتے جاؤ
بھڑک اٹھی ہے شمع زندگانی دیکھتے جاؤ
چلے بھی آؤ وہ ہے قبر فانی دیکھتے جاؤ
تم اپنے مرنے والے کی نشانی دیکھتے جاؤ

درج بالا غزل میں دو مطلعے آئے ہیں۔ دوسرے مطلع کو کیا کہتے ہیں؟

(1) حاصل غزل
(2) مقطع کا شعر
(3) آخری شعر
(4) حسن مطلع
(5) غیر جوابی سوال

23. کس طرح کے افعال سے اردو میں لطیف معانی پیدا ہوتے ہیں؟

(1) فعل مصدر
(2) مرکب الفاظ
(3) امدادی افعال
(4) ان میں سے کوئی نہیں
(5) غیر جوابی سوال

24. کسی ایک لفظ یا فقرے کے بعد تھوڑا سا ٹھیرنے کے لیے جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) ختمہ
(2) وقفہ
(3) قوسین
(4) سکتہ
(5) غیر جوابی سوال

25. اردو میں رپورتاژ نگاری کا ارتقاء کس تحریک کے زیرِ سایہ ہوا؟

(1) رومانی تحریک
(2) ترقی پسند تحریک
(3) جدیدیت
(4) ان میں سے کوئی نہیں
(5) غیر جوابی سوال

26. دو مختلف معنی رکھنے والے لفظوں کے ملنے سے جو نیا لفظ بنتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) متضاد لفظ
(2) مترادف لفظ
(3) مفرد لفظ
(4) مرکب لفظ
(5) غیر جوابی سوال

27. وہ فعل جس کو مفعول کی ضرورت ہوتی ہے، وہ کیا کہلاتا ہے؟

(1) فعل لازم
(2) فعل ناقص
(3) فعل متعدّی
(4) فعل مرکب
(5) غیر جوابی سوال

28. ذیل میں سے کون اختر الایمان کی شاعری کا مجموعہ نہیں ہے؟

(1) آب جو
(2) یادیں
(3) بنتِ لمحات
(4) نالئہ عندلیب
(5) غیر جوابی سوال

29. تو نگر ہرزہ کاروں کو کیا در یوزہ گر مجھ کو

مگر جب جب کسی کے سامنے دامن پسارا ہے

اس شعر کے بعد اختر الایمان نے کون سا مصرعہ لکھا ہے؟

(1) معیشت دوسروں کے ہاتھ میں ہے میرے قبضہ میں۔
(2) یہ لڑکا پوچھتا ہے اختر الایمان تم ہی ہو؟
(3) اسی کی بخششیں ہیں اس نے سورج چاند تاروں کو۔
(4) ہوائیں مست کن خوشبوؤں سے معمور کر دی ہیں۔
(5) غیر جوابی سوال

30. مہدی افادی کا مضمون "اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ" ان کی کس کتاب میں شامل ہے؟

(1) نگارشات مہدی افادی
(2) افادات مہدی
(3) مرقع عبرت
(4) مضامین افادی
(5) غیر جوابی سوال

31. ویدک اور کلاسک سنسکرت کے ناموں سے کس کو موسوم کیا جاتا ہے؟

(1) جدید ہند آریائی
(2) شور سینی پراکرت
(3) وسطی ہند آریائی
(4) قدیم ہند آریائی
(5) غیر جوابی سوال

32. ادوات تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

(1) وہ صنعت جس کی تشبیہ دی جائے
(2) جس صنعت سے تشبیہ دی جائے
(3) جس لفظ کے ذریعہ تشبیہ دی جائے
(4) ان میں سے کوئی نہیں
(5) غیر جوابی سوال

33. "تاخیر" کا متضاد ہے:

(1) تاجیل
(2) تعجیل
(3) مؤخر
(4) تضمین
(5) غیر جوابی سوال

34. " واوٴمعدولہ" کے لحاظ سے کون سازمرہ صحیح ہے؟

(1) نور، حور، طوُر، منظور
(2) شور، زور، غور، مور
(3) خواب، خواہش، خواجہ، درخواست
(4) خواب، خواہش، رومال، طومار
(5) غیر جوابی سوال

35. کیوں سنے عرضِ مضطر اے ________ ۔
ذیل میں دیے گئے درست تخلص سے مصرعہ مکمل کیجیے۔

(1) غالبؔ
(2) مومنؔ
(3) آتشؔ
(4) میرؔ
(5) غیر جوابی سوال

36. آپ اپنے دوست کی بیوی کے انتقال پر پُرسہ دینے کے لیے جو خط لکھیں گے، اسے کون سا خط کہا جائے گا؟

(1) تہنیتی خط
(2) دعوت نامہ
(3) تعزیتی خط
(4) پروانہ
(5) غیر جوابی سوال

37. اس(!) نشان کو کیا کہتے ہیں؟

(1) سکتہ
(2) ختمہ
(3) سوالیہ
(4) فجائیہ
(5) غیر جوابی سوال

38. "غزل" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(1) مجروح سلطانپوری
(2) حسرت موہانی
(3) ناصر کاظمی
(4) فیض احمد فیض
(5) غیر جوابی سوال

39. پطرس بخاری کا اصل نام کیا ہے؟

(1) عبداللہ بخاری
(2) احمد شاہ بخاری
(3) احمد علی پطرس
(4) شیخ وجودی
(5) غیر جوابی سوال

40. وہ الفاظ جو فعل پر ختم ہوتے ہیں اور اپنے لغوی معنی سے مختلف معنی میں استعمال کیے جاتے ہیں، انھیں کیا کہتے ہیں؟

(1) محاورہ
(2) کہاوت
(3) ضرب المثل
(4) گیت
(5) غیر جوابی سوال

41. "فعل مجہول" کسے کہتے ہیں؟

(1) فعل کی وہ حالت کہ جب فاعل معلوم ہو۔
(2) فعل کی وہ حالت جس میں فاعل کا پتہ نہ چلتا ہو۔
(3) وہ فعل جو کسی شخص یا کیفیت کے موجود ہونے کی خبر دے۔
(4) وہ فعل جو مفعول کا بھی تقاضا کرے۔
(5) غیر جوابی سوال

42. وہ صفت جو کسی چیز کی مقدار، ناپ یا وزن کو ظاہر کرے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) صفت عددی
(2) صفت مقداری
(3) صفت نسبتی
(4) صفت ذاتی
(5) غیر جوابی سوال

43. مجموعہ "مرے دل مرے مسافر" کس کی کتاب ہے؟

(1) اختر شیرانی
(2) فیض احمد فیض
(3) سردار جعفری
(4) جوش ملیح آبادی
(5) غیر جوابی سوال

44. علی سردار جعفری کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(1) لکھنؤ
(2) بلرامپور
(3) گونڈہ
(4) دہلی
(5) غیر جوابی سوال

45. مکتوب نگار کسے کہتے ہیں؟

(1) جسے خط لکھا جائے
(2) جو خط لے کر جائے
(3) خط لکھنے والا
(4) ان میں سے کوئی نہیں
(5) غیر جوابی سوال

46. ذیل میں سے کس شاعر کی نظمیں رومانی شاعر کی بہترین مثال ہیں؟

(1) ن۔م۔راشد
(2) الطاف حسین حالی
(3) اختر الایمان
(4) اختر شیرانی
(5) غیر جوابی سوال

47. لفظ "اتحاد" کا مترادف کیا ہے؟

(1) نفاق
(2) اخلاق
(3) خلاق
(4) اتفاق
(5) غیر جوابی سوال

48. مولوی عبدالحق کا مضمون "حالی" ان کی کس کتاب میں شامل ہے؟

(1) قدیم اردو
(2) قومی زبان
(3) اردو کی ابتداء میں صوفیا کرام کا حصہ
(4) چند ہم عصر
(5) غیر جوابی سوال

49. اختر شیرانی کا اصل نام کیا ہے؟

(1) احمد خاں
(2) محمد خاں
(3) داؤد خاں
(4) علی خاں
(5) غیر جوابی سوال

50. ذیل میں سے اس جملے کی نشاندہی کیجیے جس میں مترادف الفاظ استعمال کیے گئے ہیں؟

(1) زندگی میں اتار چڑھاؤ تو آتے رہتے ہیں۔
(2) ان کی زندگی عیش و آرام میں گزری۔
(3) تجارت میں نفع نقصان تو ہوتا ہی ہے۔
(4) زندگی خیر و شر کا مجموعہ ہے۔
(5) غیر جوابی سوال

51. فراق گورکھپوری کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(1) روحِ کائنات
(2) شعلۂ طور
(3) نشاطِ روح
(4) جوئے شیہ
(5) غیر جوابی سوال

52. وہ مرکب جو لفظ ، موضوع اور متبوع سے مل کر بنے، وہ کیا کہلاتا ہے؟

(1) مرکب تمیزی
(2) مرکب تابع موضوع و متبوع
(3) مرکب تابع مہمل و متبوع
(4) مرکبات تام
(5) غیر جوابی سوال

53. روایتی قواعد میں مصوتے کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) حروفِ علت
(2) حروفِ صحیح
(3) اعراب
(4) حروفِ شمسی
(5) غیر جوابی سوال

54. افسانوی مجموعے "انگارے" کے افسانہ نگاروں کے ضمن صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(1) سجّاد ظہیر، رشید جہاں، کرشن چندر، محمود الظفر
(2) پریم چند، علی عباس حسینی، سجّاد ظہیر، احمد علی
(3) سجّاد ظہیر، رشید جہاں، احمد علی، محمود الظفر
(4) سجّاد ظہیر، رشید احمد، احمد علی، کرشن چند
(5) غیر جوابی سوال

55. جھٹپٹے کا نرم رو دریا، شفق کا اضطراب
کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروب آفتاب
اس شعر سے کس نظم کی شروعات ہوتی ہے ؟

(1) مدو جزر اسلام
(2) کسان
(3) خضر راہ
(4) ایک لڑکا
(5) غیر جوابی سوال

56. مفرد جملہ جو فعل اور فاعل سے مل کر بنے، کیا کہلاتا ہے ؟

(1) جملہ فعلیہ
(2) جملہ اسمیہ
(3) جملہ انکاریہ
(4) جملہ انشائیہ
(5) غیر جوابی سوال

57. وہ صفت جس سے کسی اسم کی تعداد ظاہر ہو، اسے کیا کہتے ہیں ؟

(1) صفت ذاتی
(2) صفت نسبتی
(3) صفت مقداری
(4) صفت عددی
(5) غیر جوابی سوال

58. غضب آنکھیں، ستم ابرو، عجب منہ کی صفائی ہے
خدا نے اپنے ہاتھوں سے تری صورت بنائی ہے
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟

(1) تضاد
(2) استعارہ
(3) کنایہ
(4) مجاز مرسل
(5) غیر جوابی سوال

59. یہ " V " کون سی علامت ہے ؟

(1) زنجیرہ
(2) قوسین
(3) فجائیہ
(4) رابطہ
(5) غیر جوابی سوال

60. دو ہم مخرج حرفوں کو ملا کر پڑھنا کیا کہلاتا ہے؟

(1) ادغام
(2) اشباع
(3) موقوف
(4) محذوف
(5) غیر جوابی سوال

61. علامہ اقبال کا شعری مجموعہ "ارمغان حجاز" پہلی بار کب شائع ہوا؟

(1) 1936ء
(2) 1938ء
(3) 1939ء
(4) 1940ء
(5) غیر جوابی سوال

62. حسرت موہانی نے اردوئے معلّی کا پہلا شمارہ کب جاری کیا؟

(1) 1905ء
(2) 1903ء
(3) 1907ء
(4) 1906ء
(5) غیر جوابی سوال

63. ذیل میں سے کون سا حرف خالص عربی سے تعلق رکھتا ہے؟

(1) ز
(2) ق
(3) ژ
(4) پ
(5) غیر جوابی سوال

64. ذیل میں سے مثنوی کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) اس صنف کی مقبولیت کا سبب اس کا ایجاز و اختصار ہے۔
(2) اس کے لغوی معنی رونے اور ماتم کرنے کے ہیں۔
(3) اس صنف میں ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔
(4) اس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوتے ہیں۔
(5) غیر جوابی سوال

65. "جس زبان سے اردو نے ارتقاء پائی ہے وہ نہ برج ہے نہ ہرپالی اور نہ قنوجی ہے بلکہ وہ زبان ہے جو صرف دہلی اور میرٹھ کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔"

مذکورہ بالا رائے ذیل میں سے کس مصنف کی ہے؟

(1) حافظ محمود شیرانی
(2) مرزا خلیل احمد بیگ
(3) مسعود حسین خاں
(4) سید سلیمان ندوی
(5) غیر جوابی سوال

66. اس نقشِ پا کے سجدے نے کیا کیا ذلیل
میں کوچۂ رقیب میں بھی سر کے بل گیا

مذکورہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) ایہام
(2) حسنِ تعلیل
(3) کنایہ
(4) تجاہلِ عارفانہ
(5) غیر جوابی سوال

67. الفاظ کا وہ مجموعہ جن سے بات مکمل واضح ہو جائے، کیا کہلاتا ہے؟

(1) فقرہ
(2) کہاوت
(3) محاورہ
(4) جملہ
(5) غیر جوابی سوال

68. "دودھ کا دھلا" التِ اضافی کے کس طرح کے تعلق کو ظاہر کرتی ہے؟

(1) بناوٹ
(2) رشتہ اور قرابت
(3) کیفیت اور قسم
(4) سبب وعلّت
(5) غیر جوابی سوال

69. میرؔ کی شاعری کے کل کتنے دیوان ہیں؟

(1) چار-4
(2) پانچ-5
(3) سات- 7
(4) آٹھ-8
(5) غیر جوابی سوال

70. وہ لفظ جو کسی جگہ یا وقت کے نام کو ظاہر کرے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) اسم ظرف
(2) اسم نکرہ
(3) اسم مکبّر
(4) اسم خاص
(5) غیر جوابی سوال

71. شمالی ہندوستان میں اپنے ارتقاء کی پوری ایک صدی مکمل کر لینے کے بعد اردو زبان دکن میں کب پہنچی؟

(1) 1193ء
(2) 1000ء
(3) 1294ء
(4) 1327ء
(5) غیر جوابی سوال

72. کلام میں ایسے دو الفاظ استعمال کرنا جو تلفظ میں یکساں ہوں اور معنی میں مختلف ہوں، کیا کہلاتا ہے؟

(1) تجنیسِ مرکب
(2) تجنیسِ زائد
(3) تجنیسِ مضارع
(4) تجنیسِ تام
(5) غیر جوابی سوال

73. سنا ہے ہو چکا ہے فراق ظلمت و نور
سنا ہے ہو چکا ہے وصال منزل و گام
بدل چکا ہے بہت اہل درد کا دستور
نشاطِ وصل حلال و عذاب ہجر حرام

مندرجہ بالا بند فیض احمد فیض کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) یاد
(2) بول
(3) تنہائی
(4) صبح آزادی
(5) غیر جوابی سوال

74. سبب کچھ نہ تھا اس کا جز قدر دانی
کہ ہوتے تھے جو علم و حکمت کے بانی

حالی کے درج بالا شعر میں لفظ "بانی" کے کیا معنی ہے؟

(1) وفا کرنے والا
(2) جاننے والا
(3) بنیاد ڈالنے والا
(4) ختم کرنے والا
(5) غیر جوابی سوال

75. ذیل میں کس شاعر نے انگریزی حکومت سے کامل آزادی کا تصور 1921ء میں پہلی بار پیش کیا؟

(1) جوشؔ
(2) اقبالؔ
(3) حسرت موہانی
(4) سیماب اکبر آبادی
(5) غیر جوابی سوال

76. جس کے نام خط لکھا جائے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(1) مکتوب نگار
(2) خطوط نگار
(3) مکتوب الیہ
(4) مکتوب لہہ
(5) غیر جوابی سوال

77. ذیل میں سے کس کی کوششوں سے نظم کے مغربی تصور کا تعارف ہوا اور اس کے تحت لکھی جانے والی نظمیں "جدید" کہلائیں؟

(1) حالیؔ
(2) اقبالؔ
(3) شررؔ
(4) نظم طباطبائیؔ
(5) غیر جوابی سوال

78. اردو میں ضمیریں کس جنس کے تحت شمار کی جاتی ہیں؟

(1) غیر جنس
(2) جنس مشترک
(3) مذکر
(4) مؤنث
(5) غیر جوابی سوال

79. اردو حروفِ تہجّی میں شامل خاص فارسی حروف کے زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(1) ٹ ، پ ، ژ ، ک
(2) پ ، ق ، ژ ، ک
(3) پ ، چ ، ژ ، گ
(4) ب ، چ ، ڑ ، ک
(5) غیر جوابی سوال

80. اختر الایمان کے کس مجموعے پر انھیں "ساہتیہ اکادمی ایوارڈ" دیا گیا؟

(1) یادیں
(2) گرداب
(3) آب جو
(4) نیا آہنگ
(5) غیر جوابی سوال

81. شمالی ہند کے ابتدائی دور کے ایہام گو شوار نے یہ اثر کس سے اخذ کیا تھا؟

(1) علی قطب شاہ
(2) وجہی
(3) سراج
(4) ولیؔ
(5) غیر جوابی سوال

82. شمالی ہند میں سب سے پہلے قرآن شریف کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(1) شاہ ولی اللہ
(2) شاہ عبد القادر
(3) شاہ رفیع الدین
(4) اشرف علی تھانوی
(5) غیر جوابی سوال

83. ذیل میں سے کون سا لفظ مذکر ہے؟

(1) اخبار
(2) دنیا
(3) زنجیر
(4) کتاب
(5) غیر جوابی سوال

84. "مرد سے مردوا" اسم کی کون سی قسم کے ذیل میں آتا ہے؟

(1) اسم مصغّر
(2) اسم مکبّر
(3) اسم ظرف
(4) اسم آلہ
(5) غیر جوابی سوال

85. "شکار نامہ" کس کی تصنیف ہے؟

(1) شاہ برہان الدین
(2) محمد اکبر حسینی
(3) محمد عبد اللہ حسینی
(4) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز
(5) غیر جوابی سوال

86. حروفِ قمری کی تعداد کتنی ہے؟

(1) گیارہ
(2) چودہ
(3) بارہ
(4) پندرہ
(5) غیر جوابی سوال

87. ڈراما کے کیا معنیٰ ہیں؟

(1) بلند ہونا
(2) کر کے دکھانا
(3) خوش ہونا
(4) غم گین ہونا
(5) غیر جوابی سوال

88. اختر الایمان کی نظم "ایک لڑکا" کس مصرعے پر ختم ہوتی ہے؟

(1) یہ لڑکا پوچھتا ہے اختر الایمان تم ہی ہو؟
(2) کبھی اپنا ہی نغمہ ان کا کہہ کر مسکراتا ہے۔
(3) یہ کذب وافترا ہے جھوٹ ہے دیکھو میں زندہ ہوں۔
(4) خدائے عزوجل کی نعمتوں کا معترف ہوں میں۔
(5) غیر جوابی سوال

89. لفظ "نائی" کا مؤنث بتائیں۔

(1) ناؤن
(2) نائیہ
(3) نائن
(4) نائیان
(5) غیر جوابی سوال

90. "واردات" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(1) کرشن چندر
(2) پریم چند
(3) سعادت حسین منٹو
(4) راجندر سنگھ بیدی
(5) غیر جوابی سوال

91. اذیت مصیبت ملامت بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا
درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) میرؔ
(2) دردؔ
(3) غالبؔ
(4) مومنؔ
(5) غیر جوابی سوال

**92.** ذیل میں سے محاورے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) اونٹ کے منھ میں زیرا

(2) اونچی دوکان پھیکا پکوان

(3) بغلیں جھانکنا

(4) اندھیر نگری چوپٹ راجا

(5) غیر جوابی سوال

**93.** ناول کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) ناول کی ابتداء سب سے پہلے مغربی ادب میں ہوئی۔

(2) ناول میں فرد کی زندگی کے کسی ایک پہلو کو موضوع بنایا جاتا ہے۔

(3) اردو میں ناول نگاری کا سلسلہ بیسویں صدی کے نصف اول سے شروع ہوتا ہے۔

(4) کسی گنوار اور انپڑھ سے ایک عالم کی سی باتیں کہلوانا مکالمہ نگاری کی کامیابی کی علامت ہے۔

(5) غیر جوابی سوال

**94.** "اس کش مکش اور سلسلۂ انقلابات میں اتنا ہوش کہاں کہ طبقاتِ ارتقائی کی درمیانی کڑیاں آپ کو گنائی جائیں۔ صرف یہ سمجھ لیجیے کہ بوسیدہ اور فانی اجزا کی جگہ قومی متر عناصر نے لے لی ہے اور تعلیم سخن کی شریف تر ہستیاں عالمِ وجود میں آئیں، جن سے اردو سا کم سواد لٹریچر ایک دم سے آشنائے فلسفہ ادب ہو گیا۔"

درج بالا اقتباس کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

(1) غالب کی شاعری

(2) اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ

(3) شاعری کیا ہے

(4) حالیؔ

(5) غیر جوابی سوال

**95.** ازل سے دشمنی طاؤس و مار آپس میں رکھتے ہیں

دل پُر داغ کو کیونکر ہے عشق اس زلف پیچاں کا

مندرجہ بالا شعر میں "طاؤس و مار" سے کیا مراد ہے؟

(1) نیولا اور سانپ

(2) مور اور سانپ

(3) مور اور چھپکلی

(4) سانپ اور چھپکلی

(5) غیر جوابی سوال

96. ضرب المثل کو اور کیا کہا جاتا ہے؟

(1) گیت
(2) کہاوت
(3) اصطلاح
(4) محاورہ
(5) غیر جوابی سوال

97. شمالی ہند میں اردو شعر کی ابتدا کس بادشاہ کے عہد سے مانی جاتی ہے؟

(1) محمد شاہ
(2) شاہ جہاں
(3) اکبر
(4) علاء الدین خلجی
(5) غیر جوابی سوال

98. ہو گیا مہماں سرائے کثرت موہوم آہ

وہ دل خالی کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

درج بالا شعر کا موضوع کیا ہے؟

(1) عشق مجازی
(2) مہمان کی عزت
(3) روحانی زوال اور دنیا پرستی
(4) محبوب کی ناراضگی
(5) غیر جوابی سوال

99. وہ صفت جس میں کسی دوسری چیز سے کسی طرح کا لگاؤ پایا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) صفت ذاتی
(2) صفت عددی
(3) صفت نسبتی
(4) صفت مقداری
(5) غیر جوابی سوال

100. تغافل نے تیرے یہ کچھ دن دکھائے۔

ذیل میں دیے گئے مصرعوں میں سے صحیح مصرعے سے شعر مکمل کیجئے۔

(1) ادھر تو نے لیکن نہ دیکھا نہ دیکھا
(2) کبھو تو نے آکر تماشہ نہ دیکھا
(3) کھلی آنکھ جب کوئی پردا نہ دیکھا
(4) ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا
(5) غیر جوابی سوال

101. اس ( ؛ ) نشان کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) رابطہ
(2) وقفہ
(3) سوالیہ
(4) فجائیہ
(5) غیر جوابی سوال

102. ہم رہے یاں تک تری خدمت میں سر گرم نیاز
تجھ کو آخر آشنائے ناز بے جا کر دیا
درج بالا شعر کس کی تخلیق ہے؟

(1) مومن خاں مومن
(2) فانی بدایونی
(3) خواجہ میر درد
(4) حسرت موہانی
(5) غیر جوابی سوال

103. پطرس بخاری نے اپنے مضمون "لاہور کا جغرافیہ" میں لاہور میں پانچ کے بجائے کتنے دریا بہنے کا ذکر کیا ہے؟

(1) چار
(2) ساڑھے چار
(3) تین
(4) ساڑھے تین
(5) غیر جوابی سوال

104. ذیل میں کچھ مضامین کے عنوانات اور ان کے زمرے دیے جا رہے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ہندوستان میں غیر روایتی توانائی کی افادیت | (i) | ملکی مسائل |
| (B) | بے روزگاری کا مسئلہ | (ii) | سیر و تفریح |
| (C) | لال قلع کی سیر | (iii) | تعلیمی زندگی |
| (D) | اسکول میں میرے آخری ایّام | (iv) | سائنسی موضوع |

جواب:

(1) (A)-(iii), (B)-(ii), (C)-(i), (D)-(iv)
(2) (A)-(ii), (B)-(i), (C)-(iii), (D)-(iv)
(3) (A)-(iv), (B)-(i), (C)-(iii), (D)-(ii)
(4) (A)-(iv), (B)-(i), (C)-(ii), (D)-(iii)
(5) غیر جوابی سوال

105. مضمون "سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ" محمد حسین آزاد کی کونسی کتاب میں شامل ہے؟

(1) خمکدۂ آزاد
(2) جانورستان
(3) نیرنگِ خیال (حصہ اول)
(4) نیرنگِ خیال (حصہ دوم)
(5) غیر جوابی سوال

106. وہ کون سا فعل ہے جس میں کسی کام کا اثر صرف فاعل تک محدود رہتا ہے؟

(1) فعل متعدی
(2) فعل ناقص
(3) فعل لازم
(4) فعل مرکب
(5) غیر جوابی سوال

107. انجمن پنجاب کا پہلا مشاعرہ "برسات" کے موضوع پر منعقد ہوا تھا۔ حالیؔ نے اس مشاعرے میں کس عنوان سے نظم پڑھی تھی؟

(1) برکھارُت
(2) ابرِ کرم
(3) بارانِ رحمت
(4) موسمِ باراں
(5) غیر جوابی سوال

108. کہا شہہ نے واں کا مجھے دو پتا

عزیزو! جہاں سے وہ یوسف گیا

مذکورہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) تشبیہ
(2) مجازِ مرسل
(3) استعارہ
(4) کنایہ
(5) غیر جوابی سوال

109. "وقف" کی جمع کی نشاندہی کیجیے۔

(1) وقوف
(2) موقوف
(3) واقف
(4) اوقاف
(5) غیر جوابی سوال

110. ڈرامے کے فن اور اصول سے متعلق ہندوستان کی پہلی اہم اور قدیم کتاب کون سی ہے؟

(1) اندر سبھا
(2) ناٹک ساگر
(3) بوطیقا
(4) ناٹیہ شاستر
(5) غیر جوابی سوال

111. وہ اسم جو کسی چیز کو بڑا یا بھاری بھر کم کر کے ظاہر کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) اسم مصغّر
(2) اسم مکبّر
(3) اسم آلہ
(4) اسم مسندی
(5) غیر جوابی سوال

112. تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا

ذیل میں درج مصرعوں میں سے درست مصرعے کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) پیدا ہر ایک نالے سے شور سشور تھا
(2) معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا
(3) خورشید میں بھی اس ہی کا ذرہ ظہور تھا
(4) یک شعلہ برق خرمن صد کوہ طور تھا
(5) غیر جوابی سوال

113. کفن کی جب سپیدی دیکھتا ہوں کنج مرقد میں

تو عالم یاد آتا ہے شبابِ ہجراں کا

درج بالا شعر میں "کنجِ مرقد" سے کیا مراد ہے؟

(1) خواب گاہ
(2) ابدی نیند
(3) قبرستان کی خاموشی
(4) قبر کی تنہائی
(5) غیر جوابی سوال

114. الٹی ہو گئی سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا

درج بالا شعر میں "بیماریِ دل" سے کیا مراد ہے؟

(1) دل کی بیماری
(2) عشق
(3) طویل بیماری
(4) رقابت
(5) غیر جوابی سوال

115. اخترالایمان کی نظم "ایک لڑکا" کس مجموعے میں شامل ہے ؟

(1) بنتِ لمحات
(2) یادیں
(3) آب جو
(4) نیا آہنگ
(5) غیر جوابی سوال

116. نظم "صبح آزادی" کب لکھی گئی تھی ؟

(1) اکتوبر 1947ء
(2) جولائی 1945ء
(3) اگست 1947ء
(4) دسمبر 1947ء
(5) غیر جوابی سوال

117. "بوستان خیال" کے مصنف میر تقی خیال کا وطن کہاں تھا؟

(1) یو۔پی
(2) دہلی
(3) گجرات
(4) بہار
(5) غیر جوابی سوال

118. "میاؤں میاؤں" اسم کی کس قسم کے تحت آتا ہے ؟

(1) اسم آلہ
(2) اسم صوت
(3) اسم ظرف
(4) اسم مصغّر
(5) غیر جوابی سوال

119. نہیں دیکھا ہے لیکن تجھ کو پہچانا ہے آتشؔ نے
بجا ہے اے صنم جو تجھ کو دعویٰ ہے خدائی کا

مندرجہ بالا شعر میں صنم سے مراد محبوب ہے۔ لیکن اس کے لغوی معنی کیا ہیں ؟

(1) تصویر
(2) مورت
(3) ساقی
(4) جام
(5) غیر جوابی سوال

120. اردو کا سب سے قدیم نام کیا ہے؟

(1) دکنی
(2) گجری
(3) ہندوی
(4) زبان دہلی
(5) غیر جوابی سوال

121. مضمون کتنے حصّوں پر مبنی ہوتا ہے؟

(1) دو
(2) تین
(3) چار
(4) پانچ
(5) غیر جوابی سوال

122. لفظ "چند" کا متضاد کیا ہے؟

(1) مثد
(2) خیرات
(3) مجبوری
(4) تجارت
(5) غیر جوابی سوال

123. Blank Verse کو اردو میں کون سی نظم کہا جاتا ہے؟

(1) نثری نظم
(2) پابند نظم
(3) آزاد نظم
(4) نظم مصریٰ
(5) غیر جوابی سوال

124. درخواست گزار کا نام درخواست (عرضی) کے کس حصّے میں لکھا جاتا ہے؟

(1) القاب میں
(2) آداب میں
(3) نفسِ مضمون میں
(4) خاتمہ میں
(5) غیر جوابی سوال

125. "گل نغمہ" کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(1) حسرت موہانی
(2) فراق گورکھپوری
(3) اصغر گونڈوی
(4) جگر مراد آبادی
(5) غیر جوابی سوال

126. وہ جملہ جس میں ایک فاعل اور ایک فعل ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) انکاریہ جملہ
(2) بیانیہ جملہ
(3) مفرد جملہ
(4) مرکب جملہ
(5) غیر جوابی سوال

127. اگر کسی اسم کی ہیئت سے اس کا اصل سے چھوٹا، حقیر یا معمولی ہونا ظاہر ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) اسم فاعل
(2) اسم آلہ
(3) اسم تصغیر
(4) اسم زمان
(5) غیر جوابی سوال

128. شاد عظیم آبادی کا پورا نام کیا ہے؟

(1) سید علی محمد
(2) سید محمد علی
(3) سید احمد علی
(4) سید علی احمد
(5) غیر جوابی سوال

129. ذیل میں سے کس شاعر نے اپنے شہر سے دوسرے شہر ہجرت نہیں کی؟

(1) انشاء
(2) ناسخ
(3) سودا
(4) میر
(5) غیر جوابی سوال

130. مضمون نویسی کے بارے میں ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(1) مضمون لکھنے سے پہلے مضمون کا خاکہ بنانا ضروری نہیں ہے۔
(2) مضمون کا آغاز دلچسپ جملوں سے کرنا چاہیے۔
(3) ہر مطلب کو طوالت اور زیادہ سے زیادہ الفاظ میں ادا کیا جائے۔
(4) مضمون میں جابجا دوسری زبانوں کے الفاظ کا استعمال خوب کرنا چاہیے۔
(5) غیر جوابی سوال

131. پڑھاتے وقت طلبہ سے سوالات کرنے کا بنیادی مقصد کیا ہونا چاہیے؟

(1) طلبہ کی ذاتی زندگی کو جاننا
(2) والدین کے حالات سے واقفیت حاصل کرنا
(3) طلبہ کی ذہنی فعّالی کو بیدار کرنا
(4) طلبہ کو پریشان کرنا
(5) غیر جوابی سوال

132. کس طریقہ تدریس کے ذریعے، معلم اپنے طلبا کو کم وقت میں زیادہ معلومات فراہم کر سکتا ہے؟

(1) بیانیہ طریقہ (Lecture Method)
(2) سوال و جواب کا طریقہ (Question Answer Method)
(3) تحقیقی طریقہ (Research Method)
(4) تفویض طریقہ (Assignment Method)
(5) غیر جوابی سوال

133. ذیل میں سے کس طریقۂ تدریس میں طلبہ کا تجسس بیدار اور ضروری لوازمات فراہم کر کے انہیں زیادہ سے زیادہ آزادی دے دی جاتی ہے کہ وہ اپنے طور پر حقائق کا پتا لگائیں؟

(1) کنڈر گارڈن طریقہ تعلیم
(2) مانٹیسوری طریقہ تعلیم
(3) تحقیقی طریقہ تعلیم
(4) منصوبی طریقہ تعلیم
(5) غیر جوابی سوال

134. لکھنا سکھانے کے پتالوزی طریقے کے بارے میں صحیح قول کی نشاندہی کیجئے۔

(1) اس طریقے میں خطِ نستعلیق کی خوبی باقی رہتی ہے۔
(2) اس میں زیادہ وقت صرف نہیں ہوتا۔
(3) اس کے تحت لکھنا سکھانے کا آغاز الفاظ کو پڑھوا کر کیا جاتا ہے۔
(4) اِن مشقوں سے حروف ملا کر لکھنا آجاتا ہے۔
(5) غیر جوابی سوال

**135.** سبق میں شامل نئے الفاظ کے معنی پڑھانے کا صحیح طریقہ کون سا ہے؟

(1) نئے لفظ کو عام فہم جملے میں استعمال کر کے طلبہ سے معنی اخذ کروانا۔

(2) معلم کے ذریعہ نئے لفظ کے معنی از خود بتادینا۔

(3) طلبہ کو نئے لفظ کے معنی انٹرنیٹ پر تلاش کرنے کا موقع فراہم کرنا۔

(4) نئے الفاظ کو نظر انداز کر دینا۔

(5) غیر جوابی سوال

**136.** شاعروں اور ادیبوں کی تصویریں اور معلومات پر مبنی البم تیار کرنے کی سرگرمی کس طریقہ تدریس کی نشاندہی کرتی ہے۔

(1) بیانیہ طریقہ (Lecture Method)

(2) طریقہ تفویض(Assignment Method)

(3) مسئلہ کے حل کا طریقہ (Problem Solving Method)

(4) طریقہ تحقیق (Research Method)

(5) غیر جوابی سوال

**137.** ذیل میں سے استقرائی طریقہ تدریس کے بارے میں دو اقوال درج کیے جارہے ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

I) اس طریقے سے مختلف ذہنی قوتوں اور صلاحیتوں مثلاً غور و فکر، استدلال، قوت فیصلہ وغیرہ کی تربیت ہوتی ہے۔

II) خود کر کے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ اس لیے علم پختہ اور کار آمد ہوتا ہے۔

(1) دونوں غلط

(2) پہلا صحیح دوسرا غلط

(3) پہلا غلط دوسرا صحیح

(4) دونوں صحیح

(5) غیر جوابی سوال

**138.** نظم کی تدریس کا سب سے اہم مقصد کیا ہے؟

(1) لطف اندوزی(Enjoyment)کا موقع فراہم کرنا۔

(2) عنوان کے بارے میں معلومات(Knowledge)میں اِضافہ کرنا۔

(3) غور و فکر(Introspection) کی عادت پروان چڑھانا۔

(4) ذخیرہ الفاظ(Vocabulary)میں اضافہ کرنا۔

(5) غیر جوابی سوال

139. کسی تجربہ کار اور خلاق استاد کو تختہ سیاہ کے کس قسم کے استعمال پر قدرت ہونی چاہیئے؟

(1) روایتی (Traditional)
(2) سرسری (Cursory)
(3) تخلیقی (Creative)
(4) تفریحی (Recreative)
(5) غیر جوابی سوال

140. پڑھاتے وقت استاد کو طلبہ سے کس طرح کے سوالات نہیں کرنا چاہیے؟

(1) ایسے سوالات جن کے جوابات محض "ہاں" یا "نہیں" میں ہوں۔
(2) ایسے سوالات جن کے جوابات محض "قیاس" سے دیے جا سکیں۔
(3) ایسے سوالات جن کے جوابات کا اشارہ سوال میں موجود ہو۔
(4) سوال کی عبارت میں ایسے الفاظ کا اضافہ جس سے طلبہ غلط فہمی کا شکار ہو جائیں۔
(5) غیر جوابی سوال

141. سبق کی منصوبہ بندی کو جان فریڈرک ہربارٹ نے اصولی طور پر کتنے مراحل میں تقسیم کیا ہے؟

(1) دو
(2) چار
(3) چھ
(4) آٹھ
(5) غیر جوابی سوال

142. لکھنے کے عمل میں دِقت یا دُشواری (Difficulty) کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) ڈس فوریا (dysphoria)
(2) ڈسلیکسیا (dyslexia)
(3) ڈسکیلکولیا (dyscalculia)
(4) ڈسگرافیا (dysgraphia)
(5) غیر جوابی سوال

143. بچّے کی مادری زبان کی تعلیم کی صحیح اور فطری ترتیب کون سی ہے۔

(1) پڑھنا، لکھنا، سننا اور بولنا
(2) بولنا، سننا، پڑھنا اور لکھنا
(3) سُننا، پڑھنا، بولنا اور لکھنا
(4) سُننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا
(5) غیر جوابی سوال

144. استاد سبق شروع کرنے سے پہلے طلبہ کی توجہ حاصل کرنے کے لیے ان کو کوئی دلچسپ واقعہ سناتا ہے یا کوئی بصری ذریعہ استعمال کرتا ہے۔

مذکورہ بالا طریقہ کس مہارت میں شامل ہے؟

(1) مہارتِ تمہید
(2) زبانی توضیحات کی مہارت
(3) مرئی توضیحات کی مہارت
(4) مہارت سوالات وجوابات
(5) غیر جوابی سوال

145. پڑھنا سکھانے کے حروف تہجّی کے طریقے میں ذیل میں سے کون سا قول صحیح ہے؟

(1) یہ طریقہ مدارس میں اردو سکھانے کے لیے اب رائج نہیں ہے۔
(2) یہ طریقہ مغربی مفکرین نے موجودہ صدی میں ایجاد کیا۔
(3) اس طریقے میں پہلے حروف کی ملواں شکل سے واقفیت کرائی جاتی ہے۔
(4) یہ طریقہ دنیا کی سبھی زبانوں کی تدریس کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے۔
(5) غیر جوابی سوال

146. دورانِ تدریس، معلّم کی جانب سے پوچھے جانے والے "تفہیمی سوالات" کس چیز پر مبنی ہونے چاہیے؟

(1) سابقہ معلومات (Previous Knowledge)
(2) عام معلومات (General Knowledge)
(3) نفسِ مضمون (Content of the lesson)
(4) مرکزی خیال (Central Idea)
(5) غیر جوابی سوال

147. استخراجی طریقے (Deduction method) میں اُصول یا تعریف سے شروع کرکے اُس کا اطلاق (Application) کس چیز پر کیا جاتا ہے؟

(1) اُسی اصول یا تعریف پر
(2) مثالوں پر
(3) دیگر اصولوں یا تعریفوں پر
(4) دیگر موضوعات پر
(5) غیر جوابی سوال

148. لکھنا سکھانے کے ابجدی طریقے کی تائید کے ضمن میں کون سی دلیل درست ہے؟

(1) معلوم سے نامعلوم کی طرف اقدام ہے۔

(2) یہ نفسیاتی اصولوں کے مطابق ہے۔

(3) حروف اور لفظ کی بنیاد پختہ ہو جاتی ہے اور خط واضح اور صاف رہتا ہے۔

(4) اس میں بنیادی اکائی لفظ ہوتا ہے۔

(5) غیر جوابی سوال

149. ذیل میں درج مقاصد میں سے کون سا مقصد نثر کی تدریس کے خاص مقاصد میں شامل ہے؟

(1) فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنا۔

(2) صحیح تلفظ سے عبارت پڑھنے کی مشق۔

(3) پڑھائے جانے والے سبق کی صنف اور مصنف کا تعارف۔

(4) معیاری اردو بولنا اور لکھنا۔

(5) غیر جوابی سوال

150. زبان کی بنیادی مہارتوں میں سے سب سے پہلے کس مہارت کو سیکھنے اور سکھانے پر توجہ دینی چاہیے۔

(1) سُننا (2) بولنا

(3) پڑھنا (4) لکھنا

(5) غیر جوابی سوال

-----------------------------------------

**Space for Rough Work**